حضرت شیخ الحدیث کے ساتھ رہے۔ نماز کے بعد واپسی ہوئی۔

○ **جرمن صحافی کی آمد** ایک جرمن سیاح اور صحافی اور وہاں کے ایک جریدہ کے نمائندہ جناب ارٹون کیمپل، دارالعلوم دیکھنے اور اس سلسلے میں معلومات حاصل کرنے کی غرض سے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ دفتر اہتمام میں حضرت شیخ الحدیث سے ملاقات کی۔ اور معلومات حاصل کیں۔ دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات دیکھے بے حد محظوظ اور متاثر ہوئے۔ اس کے بعد مولانا سمیع الحق کے ہاں ان کے دولت کدہ پر دوپہر کا کھانا کھایا۔ جاتے ہوئے دارالعلوم کے بارے میں اچھے تاثرات اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔

○ **ڈاکٹر مصلح الدین کی آمد** ۲۱ر اکتوبر۔ صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کے مشیر تعلیم جناب ڈاکٹر مصلح الدین صاحب دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے دفتر اہتمام میں ملاقات کی اور دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات دیکھے۔ گھنٹہ دو قیام کے بعد واپسی ہوئی۔

○ **کتابوں کا عطیہ** سعودی عرب کے ادارہ بحوث علمیہ والافتاء کی جانب سے دارالعلوم حقانیہ کے کتب خانہ کے لئے اہم کتابوں کا ایک گرانقدر عطیہ موصول ہوا۔ جس میں شرح السنۃ للبغوی، المغنی لابن قدامۃ بذل المجہود۔ فتاوٰی ابن تیمیہ (۳۷ جلدوں میں) نیل الاوطار اور ان جیسی دیگر کئی اہم کتابیں شامل ہیں۔

دارالعلوم حقانیہ سعودی عرب کے اس قدر عنایت اور خصوصی توجہ اور علمی تعاون پر حد درجہ شکر گذار ہے۔

○ اسی طرح مولانا محمد عظیم صاحب سکنہ برہ زئی چھچھ کی جانب سے کچھ کتابوں کا اہم ذخیرہ بھی دارالعلوم کو موصول ہوا جسے مولانا اعجاز حسین صاحب ناظم کتب خانہ نے جاکر وصول کیا۔

مولانا محمد عظیم صاحب موصوف حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے دیوبند جانے سے قبل دور کے تلامذہ میں سے ہیں۔

خداوند تعالیٰ مولانا موصوف کا یہ صدقہ تا قیامت جاری رکھے۔

عمدۃ المصنفین کی ایک تازہ تاریخی پیشکش

قادیان سے اسرائیل تک

تالیف و اشاعت ——— عمدۃ المصنفین

"قادیانیت نبوت سے زیادہ ایک اسلام دشمن سامراجی سیاسی تنظیم ہے، برطانوی سامراج اور یہودی صیہونیت نے اس سیاسی تحریک کو عالم اسلام کے خلاف کیسے استعمال کیا؟ اسرائیل کے قیام میں اس کا کردار کیا تھا؟ ایسے تمام چونکا دینے والے حقائق کا پہلی بار جامع، مستند اور مدلل انداز میں تحقیقی جائزہ"

کتاب کے تیرہ ابواب کی ایک جھلک ہر باب کئی ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے

۱۔ سیاسی تحریک نبوت کی پیدائش
۲۔ یہودی مسیح موعود
۳۔ سامراجی صیہونی آرکار
۴۔ حکیم نورالدین کا دور
۵۔ سیاسیات دوشاخہ
۶۔ مرزا محمود کی لندن یاترا
۷۔ لندن مشن سے کانٹیں
۸۔ نئے بلنج نئے تیور
۹۔ عالمی استعمار کے گماشتے
۱۰۔ جنگ عظیم اور قادیانی تحریک کا کردار
۱۱۔ تحریک پاکستان اور قادیانیان
۱۲۔ اقوام متحدہ اور مسئلہ فلسطین
۱۳۔ یہودی ریاست کے سائے میں

بلاشبہ اس موضوع پر پہلی ایسی مستند اور محققانہ کتاب

جسے چاہیے

صدر قادیانی غیر قادیانی اور یورپی آخر ہر کتابگھر سے طلب کیجئے

ملنے کا پتہ: طلب زائرین ——— تبلیغ کے لئے ترغیبی نسخے طلب کرنے والوں کو ۳۳ فی صد رعایت۔

قیمت: ۲۵/ روپے، صفحات: ۲۲۴، کاغذ: عمدہ، طباعت: دیدہ زیب، آرٹ پیپر، ٹائٹل ملٹی کلر

عمدۃ المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور

——— پاکستان ———